© rasailojaraid.com

نیم برشتگیٔ جذبات اور آسودگیٔ تخیال کے ساتھ اُن کو زبان و بیان اور اسالیبِ ادا پر بھی بڑی قدرت ہے کوئی خیال کیسا ہی اچھوتا ہو ان کی فکرِ رسا الفاظ و تراکیب کا موزوں لباس تراش لیتی ہے۔

اس مجموعہ میں غزلیں بھی ہیں اور نظمیں بھی اور اُن کی تعداد مدت شاعری کے اعتبار سے ایسی کچھ زیادہ بھی نہیں۔ لیکن اس حیثیت سے یہ بڑا قابلِ قدر ہے کہ اس میں جو کچھ ہے وہ رسمی اور روایتی شاعری کا نہیں بلکہ حقیقی شاعری کا اعلیٰ اور حسین نمونہ ہے" شروع میں خود شاعر کے قلم سے چھ صفحے کا ایک تعارف ہے جس سے شعر کی طرح نثر اور حسنِ انشا پر بھی قدرت کا ثبوت ملتا ہے۔

اس تعارف میں شاعر نے خود اپنے کلام پر خود ایسا بے لاگ تبصرہ کیا ہے کہ بڑے سے بڑا نقاد بھی اس سے بہتر نہیں لکھ سکتا اور اس لئے "درتصنیف مرامصنف نکو کند بیان" کا صحیح مصداق ہے۔

قائم | مرتبہ عابد رضا صاحب بیدار تقطیع خورد۔ ضخامت ۵۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت سو پیسے پتہ :- نیا خواب پرانی تحصیل رام پور۔

قائم چاندپوری میر و سودا کے ہم عصر اور بلند شاعر ہیں۔ ان کے معاصر اور اُس کے بعد کے تذکرہ نگاروں نے ان کی شاعرانہ عظمت کا اعتراف کیا ہے۔ بعضوں نے کھلے دل سے اور بعضوں نے دبے لفظوں ہیں۔ قائم کے اشعار میں شوخی اور چلبلا پن غضب کا ہوتا ہے اور زبان و بیان کی ندرت کا تو یہ عالم ہے کہ دیوان میں ایسے اشعار کم نہیں ملیں گے جو روزمرہ یا محاورہ بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ یہ کتابچہ موصوف کے اشعار کا انتخاب ہے۔ عابد رضا صاحب بیدار کا ذوق خود ایک انتخاب ہے اس لئے اس کے حسن انتخاب ہونے میں کیا کلام ہو سکتا ہے۔ شروع میں مختصراً قائم کی سوانح عمری اور کلام اور اس سے متعلق بعض ادبی مباحث کے بارہ میں جو اشارات ہیں اردو ادب کے طالب علم کے لئے مفید ہیں۔

الحکمۃ فی مخلوقات اللہ | اردو ترجمہ از مولوی محمد علی صاحب لطفی تقطیع متوسط ضخامت ۱۴۴ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت ۳/۲۵ پتہ :- نمبر ۳۰ نیو کراچی ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی ۔۔۔۵۔

© rasailojaraid.com